بسم الله الرحمن الرحيم

Worship Allah, and do not associate with him anything and be good to parents and to kinsmen and orphans and the needy and the close neighbor and the distant neighbor and the companion at your side and the way farer and to those (slaves who are) owned by you. Surely, Allah not like those who are arrogant, proud.

(Al-Nisa#36)

IDARA-E-AKHWAN-US-SADAT GULAOTHI (REGD.)

Maintaining a close and cordial relationship between all members providing help and support for the members socially and economically.

# رابطہ

## عید اسپیشل


Office: 15-G, First Floor, 43rd Street, Block-6, P.E.C.H.S. Karachi.

021-34521141-42-43
0335-3155777

akhwan.gulaoti@gmail.com

https://www.facebook.com/share/xZAwDfNZ9ezosttg/?mibextid=A7sQZp

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وہی جو دُکھ بھرے موسم کی ویرانی میں سینوں پر دھنک لمحوں کی خوشبو سے مہکتا ہاتھ رکھتا ہے دلوں کو جوڑتا ہے اور پھر اُن میں محبت نام کی سوغات رکھتا ہے، سفر میں راستے گم ہوں، ردائے گمرہی کتنی ہی میلی ہو، غموں کی دھوپ پھیلی ہو۔۔۔اُسے کوئی کہیں جس وقت اور جس حال میں آواز دیتا ہے، وہ سنتا ہے، بہت ہی مہرباں ہے رحم کرتا ہے، وہی سچ ہے، ہمیں سچ بولنے کا حکم دیتا ہے، سو اُس کو یاد کرتے ہیں اُسی کے نام سے آغاز کرتے ہیں

سلیم کوثر

# نعت ﷺ

(پروفیسر شاہد کمال)

مری سمت ایک نظر ضرور مرے حضور
مجھے اس کرم کا رہے غرور مرے حضور

مہ و مہر کی یہ تجلیاں جو عیاں ہیں یاں
ہیں یہ آپ ہی کے کرم کا نور مرے حضور

کہیں دور ہی سے نگاہ اب دل زار پر
کہ تڑپ رہا ہے یہ ناصبور مرے حضور

فقط اسم ذات کی برکتوں کے طفیل ہے
مرے قلب و جاں میں جو ہے سرور مرے حضور

یہ عجیب عظمت لمس ہے کہ جناب من
نہیں دور رہ کہ بھی آپ دور مرے حضور

ہے وہ آپ کا، وہ کہیں بھی ہو، وہ کوئی بھی ہو
کہیں جس کا کوئی نہ ہو حضور مرے حضور

دم واپسی پہ وظیفہ وردِ زباں رہے
ہیں مرے حضور مرے حضور مرے حضور

# اداریہ

محترم اراکین ادارہ

السلام علیکم!

ادارہ اخوان السادات گلاؤ ٹھی نے حسبِ روایت اس سال (۲۰۲۴) بھی ایک عید ملن پارٹی کا اہتمام کیا۔ یہ عید ملن ہمیشہ کی طَرح ایک دوسرے سے ملنے اور ایسوسی ایشن کی کارکردگی سامنے لانے کا ذریعہ ہے۔ ادارے نے اس سال بھی اپنے گلاؤ ٹھی خاندان کے بچے اور بچیوں کو اُن کی نصابی اور ہم نصابی سرگرمیوں پر ایوارڈ سے نوازا۔ اس موقع پر ادارے نے ایک نیا سلسلہ بھی شروع کیا۔ جس کے تحت علم و ادب سے تعلق رکھنے والی تین بڑی شخصیات کو بھی یادگاری شیلڈز پیش کی گئیں۔ ان شخصیات میں پروفیسر شاہد کمال (ماہر تعلیم، نقاد، شاعر اور مصنف)، ندیم ماہر (شاعر اور قطر میں عالمی مشاعروں کے منتظم)، جناب سہیل احمد صدیقی (مصنف، براڈکاسٹر اور ہائیکو نگار) شامل تھے۔ اخوان السادات آئندہ بھی اپنے گلاؤ ٹھی خاندان سے تعلق رکھنے والے اہل علم کی پذیرائی کے لیے یہ سلسلہ جاری رکھے گا۔ ادارے نے مظلوم فلسطینیوں کے لیے امدادی فنڈ قائم کیا ہے جس کے لیے ہماری تمام ارارکین سے اپیل ہے کہ وہ اس فنڈ میں بھرپور عطیات دیں۔ ہماری خواہش ہو گی کہ آپ سب لوگ اسی طرح اادارے کے ساتھ جڑے رہیں نیز اپنے بچوں اور فیملی میں کسی بھی طرح کی کوئی خصوصی سرگرمی ہو تو اس کی اطلاع ہمیں دیں تاکہ اسے ریکارڈ حصہ بنایا جاسکے جو دراصل تاریخ سازی کی بنیاد ہے۔ جو آپ کے تعاون سے آگے بڑھے گی۔

دعا گو

**سید وسیم ہاشمی**

صدر

اخوان السادات، گلاؤ ٹھی


## ادارتی بورڈ

**سید وسیم ہاشمی**

صدر

**پروفیسر سید شاہد کمال**

مدیر

## مجلس مشاورت

سید معروف حسن واسطی

ڈاکٹر ثمینہ واسطی

سید فرخ غنی

سید خرم نظام

# گلاؤٹھی

## ندیم ماہر

رہتی ہے میری آنکھ میں ہر دم گلاؤٹھی — میرے ہر ایک درد کا مرہم گلاؤٹھی

میں کہ گلاؤٹھی ہوں کہ مجھ میں گلاؤٹھی — میں تیرا دل ہوں تو ہے مرا دم گلاؤٹھی

کردار پر فدا ہوں میں گفتار پر ترے — زمزم ہے تو کہ ریشم و نیلم گلاؤٹھی

آتا ہے ذکر جب بھی ترا گفتگو میں پھر — رہتی ہے میری آنکھ بہت نم گلاؤٹھی

ہے تیرا فیض ساری ہی دنیا پہ آشکار — واقف ہے تیرے نام سے عالم گلاؤٹھی

تجھ میں ہے میرا ماضی مرا حال اور کل — ہوں تیرے دم سے تازہ دم ہر دم گلاؤٹھی

تجھ میں ہے میرا ماضی مرا حال اور کل — ہوں تیرے دم سے تازہ دم ہر دم گلاؤٹھی

رکھا ہے تیرے نام کو زندہ ابھی تلک — ہیں یاد تیرے سارے ہی موسم گلاؤٹھی

بازار ہوں محلے ہوں کوچے ہوں یا کہ گھر — آنکھوں میں اب بھی نقش ہیں مدھم گلاؤٹھی

کوٹھی ہو یا محل ہو شفا خانہ مقبرہ — وہ مہربان بستی اعظم گلاؤٹھی

وہ مدرسہ و مسجد جامع ندی کا پل — سیراب جن کے دم سے ہے عالم گلاؤٹھی


حافظ شفیع کی یاد ہے تعلیم کو وہ گھر — تھا ماتھا جس نے علم کا پرچم گلاؤٹھی

ناطق امیر قابل و مضطرکی یہ زمیں — اختر نسیم و شمش کی محکم گلاؤٹھی

پیوند خاک تجھ میں ہیں اجداد کے جسد — ماہر مری خوشی ہے مرا غم گلاؤٹھی

**مغل شہنشاہ اورنگزیب عالمگیر رقعات عالمگیری میں رقمطراز ہیں:**


"اگر سادات عظام گلاؤ ٹھی طالبان منصب وجاہ بودے مدامِ قلمدانِ وزارتِ عظمی بدست ایشان بودے؟"




گلاؤ ٹھی دہلی کے قرب میں اور دوآبہ گنگا جمنا میں واقع سادات کی ایک تاریخی بستی جو آج بھی اپنی تمام تر تاریخی عظمتوں کے ساتھ باقی و قائم ہے۔ برصغیر میں برپا ہونے والی کسی بھی قومی سماجی سیاسی اور دینی تحریکوں کے حوالے سے اس بستی کے کردار کو فراموش نہیں کیا جا سکتا۔

کوئی بھی سرزمین بذات خود معزز و محترم نہیں ہوتی بلکہ اسے اعزاز و شرف عطا کرنے والی وہ ہستیاں ہوتی ہیں جن کے کردار اور کارناموں پر تاریخ بھی فخر کرتی ہیں۔ جبھی عظیم مغل شہنشاہ کا پیش کیا ہوا یہ خراج تحسین اس حقیقت کی عکاسی کرتا ہے کہ گلاؤ ٹھی کے سادات عظام کے درمیان ایسی ہستیاں موجود تھیں جو وسیع ترین مغل سلطنت کے وزیر اعظم کے اعلیٰ منصب پر فائز ہونے کی پوری پوری صلاحیتیں رکھتی تھیں اور منصب وجاہ سے بے نیازی انکی درویش و خاکساری کا ثبوت فراہم کرتی ہیں۔

(ماخوذ از کتاب گلاؤ ٹھی مصنف سید منصور عاقل)




## سید ظفرالدین احمد ولد سید شریف الدین احمد

معلم محقق اور مصنف معاصرین گلاؤ ٹھی میں ممتاز مقام کے حامل۔ مسلم یونیورسٹی علیگڑھ سے جغرافیہ میں ایم ایس سی۔بی ٹی اور ایم ایڈ کی ڈگریاں حاصل کیں اور تقریباً ۳۵ سال تک معلمی کے شعبے سے وابستہ رہے۔اس دوران اہم تصانیف طبع کرائیں جو کہ افغانستان اور ہندو پاک میں آج تک زیر مطالعہ ہیں۔

# شجرۃ سادات گلاؤ ٹھی

۱۹۹۷ء میں سید نعیم احمد نے نہ صرف موجودہ ہاتھ سے لکھی ہوئی معلومات کو اپ ڈیٹ کرنے کا بیڑہ اٹھایا بلکہ سینکڑوں دیگر خاندانوں کو بھی اس فیملی ٹری میں شامل کرنے کے لیے پہل کی۔ سید نعیم احمد نے انتہائی تندہی سے تمام ڈیٹا کو منظم انداز سے کمپیوٹرائز کر کے قابل رسائی بنایا۔ یہ کام مکمل ہو کر ۲۰۱۷ء میں شائع ہوا۔ اس عظیم کام کو مکمل کرنے میں تقریباً ۲۰ سال لگے۔ اس قابل ستائش کوشش نے اخوان السادات برادری کے لیے ایک قابل قدر وسیلہ کا کام کیا۔ گلاؤ ٹھی کے خاندانوں کی بھرپور تاریخ اور ورثے کو محفوظ کیا۔




پچھلی دہائی کے دوران، ہماری برادری میں بے شمار نئے اراکین کے اضافے کے ساتھ، ہمارے خاندان مسلسل بڑھتے رہے۔ چنانچہ ان تبدیلیوں کی درست عکاسی کرنے کے لیے کتاب کو اپ ڈیٹ کرنا ضروری ہو گیا ہے۔ لہذا اس موقع پر ادارہ کی جانب سے تمام ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے خاندان سے متعلق تازہ معلومات فراہم کریں۔ اس کوشش میں آپ کا تعاون ہمیں اس بات کو یقینی بنانے کے قابل ہو گا کہ یہ کتاب ہمارے وسیع خاندان کی ایک جامع اور قابل اعتماد دستاویز ہو گی۔

اس اہم دستاویز کو برقرار رکھنے میں آپ کی حمایت اور فعال شرکت ہی سے ہم اپنے رشتہ داروں کے درمیان مضبوط تعلقات کو جاری رکھ سکتے ہیں اور اس طرح ہم اپنے پیارے ورثہ کو آنے والی نسلوں کے لیے محفوظ کر سکتے ہیں۔

## Idara-E-Akhwan us Sadat Gulaothi

April 21, 2024

Dear Members,

We, the managing committee of the Idara, would like to express our heartfelt appreciation for the remarkable efforts of Syed Naeem Ahmad in writing and publishing a comprehensive book documenting the family tree, for our "bradree," of over 700 families within our relatives. This significant undertaking builds upon the foundational work laid out by the late Zafaruddin Ahmad, a respected member and one of the founders of Idara, who prepared the initial version of the handwritten document nearly 50 years ago.

In 1997, Syed Naeem Ahmad took the initiative to not only update the existing handwritten information but also to include hundreds of other families. Furthermore, he diligently computerized all data and thus making it more accessible and organized. Work was completed and published in 2017. He spent almost 20 years, about 7500 manhours to complete this great job. This commendable endeavor has served as a valuable resource for our community, preserving the rich history and heritage of our families and fostering a sense of belonging.

Over the past decade, our families have continued to grow, with the addition of numerous new members to our bradree. Consequently, it has become essential to update the book to reflect these changes accurately. Therefore, on behalf of Idara, we kindly request all members of our organization to provide us with the updated information pertaining to their respective families. Your cooperation in this endeavor will enable us to ensure the book remains a comprehensive and reliable record of our extended family.

We deeply appreciate your support and active participation in maintaining this vital record. Together, we can continue to strengthen the bond among our relatives and preserve our cherished heritage for future generations.

With warm regards,

We remain Sincerely Yours,

*On behalf of Idara e Akhwan us Sadat*

***Wasim Hashmi (President) and***

*All members of Managing Committee*

# دعوتِ عیدملن

## "ادارے کی کارکردگی اور مستقبل کے منصوبے"

ادارۂ اخوان السادات گلاؤ ٹھی کے زیر اہتمام ایک عید ملن پارٹی کا انعقاد ۲۱ اپریل ۲۰۲۴ء بروز اتوار ریڈ ینس بینکویٹ، گلستان جوہر، کراچی میں کیا گیا۔ جس میں گلاؤ ٹھی سے تعلق رکھنے والی ممتاز شخصیات کو ادارۂ اخوان السادات کی جانب سے اعزازی شیلڈز سے نوازا گیا۔ اس موقع پر ڈاکٹر سید ظفر حسنین زیدی ایوارڈ ۲۰۲۴ء کے لیے شاعر، براڈکاسٹر اور صحافی جناب سہیل احمد صدیقی، مصنف اور شاعر سید ندیم ماہر اور مصنف، نقاد، شاعر اور ماہر تعلیم پروفیسر شاہد کمال کو نامزد کیا گیا تھا۔

اس موقع پر صدر اخوان السادات نے سید محمد تنظیم واسطی کی فیملی اور خصوصی طور پر ان کے صاحبزادے سید عدنان واسطی صاحب کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ان کی وجہ سے تقسیم انعامات کا یہ فنکشن منعقد ہو سکا۔ اس تقریب میں ۲۶/ایوارڈ دیئے گئے تھے۔ جس کا انتظام سید محمد تنظیم واسطی (مرحوم) کی فیملی نے کیا تھا۔ تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا یہ سعادت سید بلال زیدی کے حصے میں آئی جب کہ سید راشد مغنی نے مرحومین کے لیے دعائے مغفرت فرمائی۔ صدر سید وسیم ہاشمی نے استقبالیہ پیش کیا جب کہ نظامت کے فرائض فرخ غنی نے انجام دیئے بعد ازاں بدر عالم زیدی نے اس سلسلے کو آگے بڑھایا۔

ادارہ کے صدر نے مہمانانِ گرامی کو خوش آمدید کہا اور ادارے کی سالانہ کارکردگی کا ایک مختصر جائزہ پیش کیا۔ جس میں بتایا گیا کہ ادارے نے رمضان میں ضرورت مندوں کو امدادی رقوم فراہم کی۔ جب کہ صادقہ جاریہ کے لیے مرحومین کے نام سے ہینڈ پمپ لگائے گئے۔ انھوں نے مزید بتایا کہ اس سال اندرون سندھ میں ۱۲ خاندانوں کے لیے بھی ہینڈ پمپ نصب کیے گئے۔ (جس کی تفصیل اگلے صفحات پر ملاحظہ ہو) اس کے علاوہ معزز ممبران نے ادارے کو تقریباً ۸ لاکھ چھیانوے ہزار کی خطیر رقم بھی زرِ تعاون کی صورت میں پیش کی۔

مینجنگ کمیٹی نے اہل گلاؤ ٹھی کے ۷۰۰ سے زائد خاندانوں کے لیے، فیملی ٹری (شجرہ) کو دستاویزی شکل دینے والی ایک جامع کتاب مرتب کرنے اور شائع کرنے پر سید نعیم احمد کی قابل ذکر کاوشوں کا اظہار کرتے ہوئے دلی تحسین کا اظہار کیا۔ اس اہم کام کا آغاز مرحوم سید ظفر الدین احمد صاحب نے کیا تھا جو ادارے کے بانیوں میں شمار کیے جاتے ہیں۔ انھوں نے یہ تحریر تقریباً پچاس سال قبل اپنی ڈائری میں رقم کی تھی۔

صدر نے اپنی رپورٹ میں کہا کہ ہمیں چاہیے کہ ہم رفاعی کاموں میں شریک ہوں اور ادارے کو فعال بنانے میں اپنا حصہ ڈالیں۔ اس سلسلے میں انھوں نے نوجوانوں کو خصوصی ترغیب دیتے ہوئے کہا کہ وہی ادارے مستحکم ہوتے ہیں جن کے نوجوان مستقبل کی باگ ڈور سنبھالنے کی تیاری کرتے ہیں۔ انھوں نے اس طرف بھی توجہ دلائی کہ ادارے کو مستقل ممبران کی بہت ضرورت ہے اور مزید کہا کہ میں مینجنگ کمیٹی کے اراکین سے درخواست کروں گا کہ وہ ممبر شپ کو بڑھانے میں اپنا کردار ادا کریں۔

علاوہ ازیں انھوں نے اراکین سے یہ بھی درخواست کی کہ ادارے کی جانب سے قائم کردہ غزہ امدادی فنڈ میں بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور اپنی زکوۃ کا کچھ نہ کچھ حصہ اس فنڈ میں بھی زرِ تعاون کے طور پر پیش کریں۔

**بہترین اخوان ۲۰۲۳ء۔ ۲۰۲۴ء**

**سید محمد تنظیم واسطی ایوارڈ (تعلیم) کے لیے شیلڈز سے نوازا گیا**

| نام | والد | کلاس |
|---|---|---|
| ہبہ منصور | منصور احمد | میٹرک |
| حورین اویس | اویس آفاق | میٹرک |
| محمد عبداللہ نعمان | نعمان علی | میٹرک |
| سیدہ منال نعمان | محمد نعمان | میٹرک |
| زارا سہیل | سہیل علی واسطی | میٹرک |
| مریم زیدی | سید شاہ عالم زیدی | میٹرک |
| سید جنید عدنان | سید عدنان غنی | اولیول |
| سید ابراہیم اشعر | سید متل اشعر | اولیول |
| میکائل احمر | احمر نظام | اولیول |
| محمد شاہ زیب | ناصر یاسین | انٹر میڈیٹ |
| ہدیٰ عارف | سید عارف مہتاب | انٹر میڈیٹ |
| محمد خضر حسین | مدثر حسین | سول انجنیئر نگ (این ای ڈی) |
| فضہ مسعود | مسعود حسین صدیقی | بی ایس سی (آنرز) فنر کس |

| | | |
|---|---|---|
| سید جنید مسرور علی زیدی | سید مسرور علی زیدی | ایم۔ ایس سافٹ وئیر انجینئرنگ، یونی ورسٹی آف میری لینڈ، امریکا |
| محمد رامس خان | فرحان جمیل | ایم ۔ایس بزنس اینالیٹک اینڈ بک ڈیٹا، یونی ورسٹی آف لائیوپول، انگلینڈ |
| ملیحہ نعمان | محمد نعمان | ایم۔بی۔بی۔ایس |
| فہد خلیل جعفری | سید نجم الدجیٰ جعفری | ایم بی اے، KSBL |
| سمعیہ زیدی | سید ظفر حسنین زیدی | پی ایچ ڈی، لیگل ہسٹری |
| سید نعیم احمد | سید احمد | اپ ڈیٹ، شجرہ |

## بہترین اخوان ۲۰۲۳ء۔۲۰۲۴ء

## سید محمد تنظیم واسطی ایوارڈ (غیر نصابی) اعلیٰ خدمات کے عوض شیلڈز سے نوازا گیا

| نام | والد | کامیابی |
|---|---|---|
| فاریہ عامر | عامر خان | کیلنری چمپئین شپ (شیف) |
| ارمان واسطی | نعمان واسطی | کینڈین فٹبال ٹیم کے پہلے پاکستانی فٹبالر |
| سید محمد اظفر شکیل | سید شکیل | بہترین CEO لیزنگ بزنس، سعودیہ عربیہ |
| فضہ مسعود | مسعود حسین صدیقی | "احساسِ بشر ویلیفیر" (این جی او) |

## بہترین اخوان ۲۰۲۳ء۔۲۰۲۴ء

## سید محمد تنظیم واسطی ایوارڈ (حافظ/حافظہ) شیلڈز اور نقد رقم سے نوازا گیا

| نام | والد | کامیابی |
|---|---|---|
| بریرہ عشال | ریحان احمد خان | حافظہ |
| عمیمہ ریحان | ریحان احمد خان | حافظہ |

صدر اخوان السادات نے مزید کہا کہ ہمیں چاہیے کہ ہم ادارے کے پلیٹ فارم سے رفاعی کاموں کے لیے آگے آئیں۔ اور ادارے کے لیے زکوۃ کی مد میں بھی کچھ نہ کچھ رقم ضرور دیں۔ جیسا کہ ہم سب کو معلوم ہے ادارے نے سید فاؤنڈیشن کے ساتھ مل کر غزہ کے متاثرین کے لیے امدادی اشیا کی ایک بڑی انسٹالمنٹ اپنے فلسطینی بھائیوں کے لیے بھیجی ہے اور کوشش ہے کہ ہر ماہ کی پندرہ تاریخ کو ادارے کی جانب سے مزید امداد فلسطینی بھائیوں کے لیے روانہ کی جائے۔

## جن حضرات نے ادارہ اخوان السادات کو رمضان میں زکوۃ/ڈونیشن دیئے

نام

سید عارف مہتاب

سید محمود اختر واسطی

سید مسرور علی زیدی

سید حسن مسرور علی زیدی (امریکا)

سید جنید مسرور علی زیدی (امریکا)

محترمہ رمشا فرخ (سعودی عربیہ)

سید عدنان واسطی

سید طالب واسطی (امریکا)

سید حمزہ احمد ہاشمی

شعیب ریاض (سعودی عربیہ)

ڈاکٹر ثمینہ واسطی

مسز مہناز واسطی

سید نصرت کمال

ممتاز حسن

شاہینہ رئیس واسطی

ڈاکٹر شاہدہ زیدی

ہمایوں شمیم (کینیڈا)

سید محمد جاوید

# ادارہ اخوان السادات گلاؤ ٹھی اور عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل

# کے تعاون سے ہینڈ پمپ نصب کیے گئے

| صدقہ جاریہ | تعداد | رقم | بتوسط |
| --- | --- | --- | --- |
| مرحوم سید اظہارِ رحمت | ۱ | ۲۵۰۰۰ | سید فرخ غنی |
| مرحومہ سیدہ عامرہ خاتون | | | |
| مرحوم سید فصیح الدین آفتاب | ۱ | ۲۵۰۰۰ | سید مظہر آفتاب |
| مرحومہ شائستہ شمیم | ۱ | ۲۵۰۰۰ | مسز عالیہ فرحان |
| مرحوم سید عرفانِ رحمت | ۱ | ۲۵۰۰۰ | سید سلیمان غنی |
| مرحومہ انیس فاطمہ | | | |
| مرحوم سید محمد تنظیم واسطی | ۱ | ۵۰۰۰۰ | سید عدنان واسطی |
| مرحوم سید محمد شمیم | ۱ | | |
| مرحوم سید ریاض الدین احمد | ۱ | ۵۰۰۰۰ | سید خاور ریاض |
| مرحومہ عصمت النساء | ۱ | | |
| مرحوم محمد احمد واسطی | ۱ | ۲۵۰۰۰ | ڈاکٹر ثمینہ واسطی |
| مرحومہ بیگم شہناز قمر واسطی | | | |
| مرحوم محمد قیوم صدیقی | ۱ | ۵۰۰۰۰ | فواد صدیقی |
| مرحومہ بیگم ثریا قیوم صدیقی | ۱ | | |
| مرحوم سید خلیل احمد جعفری | ۱ | ۲۵۰۰۰ | ایس۔این۔اے جعفری |
| سید عارف مہتاب (اہل خانہ) | ۱ | ۲۵۰۰۰ | سید عارف مہتاب |
| مرحوم حافظ سید عبدالغنی | ۱ | ۲۵۰۰۰ | سید فرخ غنی |
| مرحومہ نواب بانو بیگم | | | |

## جن حضرات نے عید ملن پر ادارہ اخوان السادات کے مہمانوں کے لیے تحائف دیئے

| نام | تعداد |
|---|---|
| سید محسن کمال | ۴ |
| سید رضی ہاشمی | ۲ |
| سید نسیم ہاشمی | ۲ |
| مسز فیروزہ منسوب | ۲ |
| مسز تابندہ ہاشمی | ۱ |
| سید حمزہ ہاشمی | ۲ |
| سیدہ عروج ہاشمی | ۱ |
| سیدہ ضحیٰ ہاشمی | ۱ |
| سیدہ تمجید ہاشمی | ۱ |
| سید حیدر صفدر | ۲ |
| سیدہ رمشا فرخ | ۱ |
| سید خرم نظام | ۲ |
| سیدہ فرحانہ راشد | ۲ |
| ڈاکٹر ثمینہ واسطی | ۳ |
| سید معروف واسطی | ۲ |
| سید عدیل ہاشمی | ۱ |
| سید وسیم ہاشمی | ۱۰ |
| سید سلمان غنی | ۳ |
| سید فرخ غنی | ۲ |
| سید بدر عالم زیدی | ۲ |
| سید مسرور زیدی | ۴ |
| سید عارف سلطان | ۴ |
| کمپنی کی طرف سے دیئے گئے تحائف | ۷۲ |

# جن حضرات نے عید ملن پر بچوں کو عیدی پیش کی

نام

سید سلمان غنی

سید عارف سلطان

ڈاکٹر ثمینہ واسطی

سید معروف حسن واسطی

سید حیدر صفدر

سید فرخ غنی

سید بدر زیدی

# ادارہ اخوان السادات گلاؤٹھی کے سابق صدور



# پروفیسر شاہد کمال



پروفیسر شاہد کمال ٦ ؍اگست ١٩٦١ء کو کراچی میں پیدا ہوئے، یہیں ابتدائی تعلیم حاصل کی اور کراچی یونی ورسٹی سے ١٩٨٥ء میں ایم۔اے اردو کی سند حاصل کی۔ کیوں کہ کے گھریلو ماحول نا صرف ادبی نوعیت کا تھا بلکہ فنونِ لطیفہ کے دیگر شعبوں سے متعلق سر گرمیاں بھی بچپن ہی سے آپ کے مشاہدے کا حصہ رہیں اور ان تمام عوامل نے ابتدائی عمر سے ہی شخصیت کی ترتیب و تشکیل اور رجحان سازی میں اہم کردار ادا کیا۔ تعلیم کی تکمیل کے بعد شعر وادب سے تعلق بھی اسی سال قائم ہوا۔١٩٨٧ء سے درس وتدریس کے فرائض انجام دیتے رہے اور ملازمت کے آخری دس سالوں بحیثیت پرنسپل مختلف کالجز میں خدمات انجام دیتے رہے اور علامہ اقبال گورنمنٹ ڈگری کالج، کراچی سے بحیثیت پرنسپل ریٹائرڈ ہوئے۔ ان کی پہلی شاعری کی کتاب "رسم تکلم" ١٩٩١ء میں شائع ہوئی۔ "کراچی میں اردو غزل اور نظم "(تنقیدی، تاثراتی جائزہ)١٩٩٩ء میں شائع ہوا، جس کا دوسرا نظر ثانی شدہ ایڈیشن ٢٠١٦ء میں انجمن ترقی اردو ہند نے شائع کیا۔ اس کے علاوہ انجمن ترقی اردو ہند سے شاعری کا مجموعہ "مجھے اک بات" کہنی ہے کہ بھی دو ایڈیشن بالترتیب ٢٠٢٢ء۔ ٢٠٢٣ء میں شائع ہو چکے ہیں۔اور حال ہی میں (٢٠٢٤ء) "میاںِ من وتُو" (تنقیدی مضامین) پر مشتمل کتاب بھی انجمن ترقی اردو ہند نے شائع کی ہے۔" جائزہ ادبیاتِ اردو" (تنقیدی مضامین) ٢٠٠٤ء میں شائع ہوئی، اسی طرح "جہانِ قواعد وانشا" (اردو قواعد وانشانویسی) ٢٠٠٦ میں منظر عام پر آئی۔

شاہد کمال ہمہ جہت شخصیت کے مالک ہیں اور اسی وجہ سے وہ کسی نہ کسی علمی وادبی کام میں مشغول رہتے ہیں۔ جس کی بڑی مثال اُن کی حال ہی میں مکمل ہونے والی "جدید اردو لغت" ہے جسے انھوں نے گیارہ برس مسلسل محنت کے بعد مکمل کیا اور اب یہ لغت اشاعتی مراحل میں ہے۔اس کے علاوہ ایک اور تخصیصی لغت "اردو زبان میں جانوروں سے متعلق محاورے اور ضرب

الامثال" بھی مکمل کر چکے ہیں۔ تنقیدی تعلق سے آپ کی کتاب "غالب کے طرفدار" اشاعت کی منتظر ہے۔ خاکوں کی کتاب "میرے لوگ" اور شاعری کا مجموعہ "زنجیر شب" زیر ترتیب کتب میں شامل ہیں اور یہ تمام کتب یکے بعد دیگرے بہت جلد ادب کے قارئین کی توجہ کا مرکز ہوں گی۔

پروفیسر شاہد کمال کی شعری اور نثری خدمات پر بھی مختلف یونی ورسٹی میں کام ہو چکے ہیں۔

۱۔ ''پروفیسر شاہد کمال کی شعری اور تنقیدی خدمات ''(ایم۔فل)، علامہ اقبال اوپن یونی ورسٹی اسلام آباد۔

۲۔ ''پروفیسر شاہد کمال کی شاعری کا ہیئتی مطالعہ ''(ایم۔فل)، بہاءالدین زکریا یونی ورسٹی، ملتان۔

۳۔ ''پروفیسر شاہد کمال کی نثر کا اسلوبیاتی مطالعہ ''(ایم۔اے)، جی سی یونی ورسٹی، فیصل آباد۔

۴۔ ''پروفیسر شاہد کمال کی کتاب کراچی میں اردو غزل اور نظم کا تجزیاتی مطالعہ ''۔(بی۔ایس)، بہاءالدین زکریا یونی ورسٹی، ملتان۔

۵۔ ''پروفیسر شاہد کمال کی شعری کتاب 'مجھے اک بات کہنی ہے' کا تجزیاتی مطالعہ ''۔(بی۔ایس)، پوسٹ گریجویٹ کالج، خانیوال۔

پروفیسر شاہد کمال ادبی حوالے سے بین الاقوامی سطح پر جانے جاتے ہیں۔انھوں نے مختلف ملکی اور بین الاقوامی سمینار اور کانفرنسوں میں بحیثیت مقالہ نویس شرکت کی جس میں غالب انسٹی ٹیوٹ، انجمن ترقی اردو ہند، دہلی، بمبئی یونی ورسٹی کانفرنس، کیمپس تھیٹر انٹر نیشنل، انجمن ترقی پسند مصنفین ہند و پاک، کرشن چندر کانفرنس، راجندر سنگھ بیدی کانفرنس اور دیگر متعدد لیکچر شامل ہیں۔ پروفیسر شاہد کمال کا اختصاص یہ ہے کہ وہ وسیع المطالعہ شخصیت کے مالک ہیں جس کی بنا پر اُن سے کسی بھی وقت مختلف النوع ادبی کاموں کی توقع کی جاسکتی ہے۔

# ندیم ماہر



آپ کا اصل نام سید ندیم اختر نام اور قلمی نام ندیم ماہر ہے۔ قصبہ گلاؤ ٹھی ، ضلع بلند شہر (یوپی، ہندوستان) میں ۱۰ جنوری ۱۹۷۰ء کو مولانا سید نسیم الدین (مرحوم) کے ہاں پیدا ہوئے۔ والدہ کا نام شاہدہ خاتون (مرحومہ) تھا۔آپ دارالعلوم دیوبند کے فاضل ہیں۔ایم۔اے دینیات ، علی گڑھ مسلم یونی ورسٹی سے کیا۔آج کل دوحہ قطر میں مقیم ہیں۔علم دین،ادب، صحافت و ترجمہ کے علاوہ خطابت کے شعبوں میں سر گرم ہیں۔


آپ کی شائع شدہ کتب میں شعری مجموعہ "دستکوں کے نشان" (۲۰۲۴ء) دوحہ قطر، "کلام شمس" (ہم عصر غالب حافظ سید شمس الدین شمس )۲۰۱۶ء (دہلی)، "تذکرہ سادات گلاؤ ٹھی" (۲۰۱۷ء) بحیثیت معاون مرتب، کراچی پاکستان، "حیاتِ اختر" (مولانا سید حمید الدین اختر کی حیات و شخصیت اور شاعری(۲۰۱۸ء)،دوحہ قطر، "قطر کی ناکہ بندی" (الجزیرہ کی کتاب "حصارِقطر" کا اردو ترجمہ (۲۰۱۹ء)، دوحہ قطر/استنبول، ترکی۔ "سوشل میڈیا فوائد و نقصانات(۲۰۲۳ء)، "اصلاحِ معاشرہ اور ہماری ذمہ داری"(۲۰۲۳ء)، "کراچی نامہ" ۲۰۱۸ء میں سفر نامہ کراچی (دو سو پچاس صفحات پر مشتمل۔طباعت کے مرحلہ میں)

زیر ترتیب کتب میں "بیاضِ حامد" (والد محترم مولانا سید نسیم الدین حامد الحسینی کا شعری مجموعہ)، "قطر کی تاریخ، بزبان اردو"، "گلاؤ ٹھی ایک ادبی بازیافت" "گلاؤ ٹھی کا ادبی منظر نامہ ماضی، حال اور مستقبل"۔

آپ صدر انجمن محبان اردو ہند، دوحہ قطر ہیں۔سابق صدر (بزم علیگ) علی گڑھ اولڈ بوائز ایسوسی ایشن، قطر کے طور پر فرائض انجام دیئے۔گلف اردو کونسل کے جنرل سیکریٹری ہیں۔

آپ پاکستان، کویت، متحدہ عرب امارات، سعودی عرب، بحرین کے علاوہ ہندوستان کی بیشتر ریاستوں میں بحیثیت شاعر شرکت کی ہے۔اب تک کئی درجن اعزازت بھی حاصل کر چکے ہیں۔اس کے علاوہ آپ نے کئی بین الاقوامی مشاعروں کے انعقاد میں بھی اہم کردار ادا کیا۔

# سہیل احمد صدیقی



شعبہ تدریس، معلومات عامہ، تحقیق، تصنیف وتالیف، صحافت، تشہیر اور نشریات (یعنی ٹیلیوژن اور ریڈیو) میں پاکستان کا نام روشن کرنے والے سہیل احمد صدیقی خاندان کا سرمایہ ہیں-اردو اور انگریزی میں ان کی مطبوعہ کتب کی تعداد آٹھ ہے، عالمی کرکٹ کپ-2015 اور عالمی ٹوئنٹی ٹوئنٹی کپ-2017 پر دو انگریزی کتب آن لائن شایع ہوچکی ہیں؛ دو کثیر لسانی ادبی جریدوں (Multilingual literary magazines) ہائیکو انٹرنیشنل [Haiku International] اور ہم رِکاب [The Fellow Rider] کے بانی مدیر ہیں؛ مختلف موضوعات پر ان کی آٹھ سو سے زائد تحریریں شایع ہوچکی ہیں جبکہ سترہ کتب غیر مطبوعہ ہیں-وہ چار مرتبہ World anthologies of English poetry میں شامل ہونے والے اوّلین اور واحد پاکستانی اردو شاعر ہیں- شعبہ معلومات عامہ یعنی Quiz میں ایشیا کے سب سے بڑے انعام، نیلام گھر کی کار جیتنے کا اعزاز بھی حاصل کرچکے ہیں۔ سہیل احمد صدیقی صاحب کی کچھ ہائیکو ملاحظہ فرمائیں:

## ہائیکو منظومات

کیسا افسوں ہے
برف پڑی ہے چوٹی پر
چہرہ گل گوں ہے

-

پِیپل اور پُروا
تیری یادوں کی بارش
بھیگا ہوں تنہا

-

دھوپ نہ چھایا ہے
آنکھ مچولی کھیلیں ہم
کہرا چھایا ہے

-

لو پھر شام ہوئی
کُوچہ کُوچہ اِک وحشت
میرے نام ہوئی

-

کیسے جھولوں میں
جاناں تیرا جلوہ ہے
کاسنی پھولوں میں

ساحل پر ہر شام
گیلی ریت پہ لکھتی ہے
پگلی تیرا نام

ساون بھادوں میں
ہم تو اکثر بھیگے ہیں
تیری یادوں میں

تاروں کی سوغات
آنسو تیری آنکھوں میں
بِن بادل برسات

سورج بھی کم تَر
وہ جو سُہیل یمنی ہے
تاروں سے برتر

# عید ملن اور یادگاری شیلڈز کی تصویری جھلکیاں





















عید ملن


عید ملن


عید ملن


عید ملن


عید ملن




عید ملن


عید ملن


عید ملن

عید ملن

عید ملن



عید ملن

عید ملن

عید ملن

عید ملن

عید ملن









ادارہ کی اپیل پر دو بچوں نے فلسطین فنڈ میں نقد رقم عطیہ کی







SYED MOHAMMAD TANZEEM WASTI
AWARD 2024
IDARA-AKHWAN-US-SADAT GULAOTHI
KARACHI
BEST OF AKHWAN
Presented to
Fahad Khalil Jafri S/o Syed Najmud Duja Jafri
Excutive MBA Gold Medalist
IDARA-AKHWAN-US-SADAT GULAOTHI KARACHI


DR. ZAFAR H. ZAIDI AWARD 2024
IDARA-AKHWAN-US-SADAT GULAOTHI
KARACHI
BEST OF AKHWAN
Presented to
Mr. Sohail Ahmed Siddiqui
Journalist, Poet & Broardcaster)
IDARA-AKHWAN-US-SADAT GULAOTHI KARACHI


DR. ZAFAR H. ZAIDI AWARD 2024
IDARA-AKHWAN-US-SADAT GULAOTHI
KARACHI
BEST OF AKHWAN
Presented to
Prof. Shahid Kamal
Educationalist & Writer
IDARA-AKHWAN-US-SADAT GULAOTHI KARACHI


DR. ZAFAR H. ZAIDI AWARD 2024
IDARA-AKHWAN-US-SADAT GULAOTHI
KARACHI
BEST OF AKHWAN
Presented to
Syed Nadeem Mahir
Poet & Writer
IDARA-AKHWAN-US-SADAT GULAOTHI KARACHI

# خبر نامہ

## ادارہ اخوان السادات گلاؤ ٹھی

### نمایاں شخصیات کی ڈائریکٹری زیر ترتیب ہے

ادارہ اخوان السادات گلاؤ ٹھی نے فیصلہ کیا ہے کہ خاندان میں موجود اپنے اپنے شعبہ جات کے ماہرین کی ڈائریکٹری تیار کی جائے۔ جس میں ان غیر معمولی لوگوں کے کوائف درج کیے جائیں۔ ان شعبوں میں سینیر بینکرز، سینیر ڈاکٹرز، سینیر وکلا، سینیر پروفیسر اور اساتذہ اور تعلیمی اداروں کے سربراہان شامل کیے جائیں گے۔ لہٰذا آپ لوگوں سے درخواست ہے کہ اپنے کوائف جلد از جلد ارسال کریں تاکہ ڈائریکٹری کی اشاعت ممکن ہو سکے۔

### توجہ فرمائیں

تمام اراکین ادارہ سے التماس ہے کہ واٹس اپ گروپ میں سیاسی، مذہبی، لسانی بحث سے پرہیز کریں اور غیر مصدقہ اور غیر ضروری پوسٹ اور خبریں ارسال کرنے سے اجتناب کریں صرف متعلقہ پوسٹ اور خبریں ارسال کریں کیوں کہ برادری کے واٹس اپ گروپ کے کچھ اغراض و مقاصد اور اصول ہیں جس کی پابندی تمام اراکین کو کرنی چاہیے امید ہے کہ تمام اراکین اس ہدایت پر عمل کریں گے۔

### ملازمت کے لیے رابطہ

ایسے اراکین جن کے پاس کوئی ملازمت ہو تو براہ مہربانی اس کی تفصیل ادارہ کو بھجوا دیں تاکہ خاندان میں اسے مشتہر کیا جا سکے اور خاندان کے اہل افراد اس سے مستفیض ہو سکیں۔

### گوشہ اطفال

ادارے کے اراکین کے بچے/بچیاں جن کی عمر ۱۵ سال تک ہے۔ "رابطہ" کے لیے اپنی نظمیں اور کہانیاں ارسال کر سکتے ہیں، جنھیں مختص صفحہ پر شائع کیا جائے گا۔ اس کا مقصد بچوں کی تخلیقی صلاحیتوں میں اضافہ اور اُن کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔ نظمیں اور تحریریں درج ذیل ای میل پر ارسال کی جا سکتی ہیں۔

email: akhwan.gulaothi@gmail.com

### فیس بک پیج

اراکین سے درخواست ہے کہ ادارے کے آفیشل فیس بک پیج کے مندرجہ ذیل لنک پر منسلک ہو جائیں۔

https://www.facebook.com/share/xZAwDfNZ9ezosttg/?mibextid=A7sQZp

تاکہ خبریں، اطلاعات اور خاندان کی دیگر معلومات سے بروقت آگاہی حاصل کر سکیں۔

نوٹ: خاندان میں کسی بھی غیر معمولی سرگرمی پیدائش، وفات، شادی، تعلیمی شعبے میں غیر معمولی نتائج، کھیل کے میدان میں غیر معمولی کارکردگی کی اطلاع بھی فراہم کرنے کی درخواست ہے جسے خبر نامہ میں شامل اشاعت کیا جائے گا۔ (مدیر)۔

### معلومات کے لیے

معتمد ادارہ سے مندرجہ ذیل نمبرز پر رابطہ کریں۔

0335-3155777

021-34521141-42-43

email: akhwan.gulaothi@gmail.com

# اپیل

## امدادی سامان بہ شکل عبایہ اور اسکارف

جیسا کہ آپ سب کو معلوم ہے کہ ادارہ اخوان السادات گلاؤ ٹھی اور سید فاؤنڈیشن کی جانب سے فلسطین کے متاثرین کی امداد کے لیے ۲۰ مئی کو سامان کی کھیپ روانہ کی جارہی ہے۔ اس سلسلے میں آپ تمام حضرات سے ہمدردانہ اپیل ہے کہ غزہ کی خواتین کے لیے عبایہ اور اسکارف کی شکل میں امداد فراہم کی جائے تاکہ ہر عمر کی باپردہ خواتین تک اسے پہنچایا جاسکے۔ عطیات مندرجہ ذیل پتوں پر بھیجے جاسکتے ہیں۔

Waseem Hashmu
15G, First Floor, 43rd Street, Block-6, P.E.C.H.S, Karachi

Dr. Samina Jafery
123 /II Street # 13
Khayaban e Nishat Phase VI DHA

Farhana Rashid
R - 585 Sector 14- A  North Nazimabad

Farrukh Ghani
564 Phase 1 Malir Cantt

آپ کی امداد غزہ کی باپردہ خواتین کی عزت و تکریم کا باعث ہو گی۔

IDARA-AKHWAN-US-SADAT GULAOTHI

KARACHI